راشٹریہ سہارا
1 7 SEP 2021

# انگریزی زبان سیکھنے کیلئے مناسب ماحول کی تشکیل کا مشورہ

## مانو میں آن لائن انگریزی تدریس پر سمینار کا اختتام

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) اساتذہ کولازمی طور پر انگریزی زبان سیکھنے کیلئے مناسب ماحول تشکیل دینا چاہیے۔ اساتذہ طلبہ کو انگریزی میں بات چیت کی ہمت افزائی کریں۔ مطلوبہ قابلیت کیساتھ اور بہتر گفتگو کی صلاحیت سے کیریئر میں کامیابی کے مواقع بڑھ جاتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کل مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعۂ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی) کے دو روزہ قومی سمینار بعنوان انگریزی کی آن لائن تدریس(Teaching English Online) کے اختتامی اجلاس میں صدارتی خطاب میں کیا۔ مہمان مقرر پروفیسر دھنجئے سنگھ، جواہر لال نہرو یونیورسٹی نے کہا کہ ڈیجیٹل ذریعہ، سیکھنے کے عمل کو جمہوری، انفرادی مرکوز بناتا ہے اور آن لائن مسودہ تک رسائی کے مواقع فراہم کرتا ہے ۔لسانی کلاس روم میں ادب کا استعمال زبان کے مختلف پہلوؤں پر بحث کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر، سی پی ڈی یو ایم ٹی نے بتایا کہ سمینار میں تلنگانہ، تمل ناڈو، اتر پردیش، مدھیہ پردیش، مہاراشٹرا اور جموں وکشمیر ریاستوں سے اسکول کے اساتذہ ،کالج کے لیکچررز، ریسرچ اسکالرز اور یونیورسٹی کے اساتذہ نے شرکت کی۔ دو روزہ سمینار میں پانچ تکنیکی سیشن، ایک کلیدی خطبہ، ایک گیسٹ لیکچر، اور آن لائن ذریعہ سے انگریزی تدریس کے مختلف پہلوؤں پر ایک پینل مباحثہ منعقد کیے گئے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر کی نگرانی میں انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی ٹیم نے یوٹیوب چیانل پر تمام سیشن کا راست ٹیلی کاسٹ کیا۔

Sakshi

# ఆంగ్ల భాష అభ్యాస వాతావరణాన్ని సృష్టించాలి

**'మనూ' ఇన్‌చార్జి రిజిస్ట్రార్ సిద్ధిఖీ**

రాయదుర్గం: ఉపాధ్యాయులు తప్పనిసరిగా ఆంగ్ల భాష అభ్యాస వాతావరణాన్ని సృష్టించాలని ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం ఇన్‌చార్జి రిజిస్ట్రార్ ప్రొఫెసర్ సిద్ధిఖీ మహ్మద్ మహమూద్ టీచర్లకు సూచించారు. గచ్చిబౌలిలోని మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో రెండు రోజుల వర్చువల్‌గా 'టీచింగ్ ఇంగ్లిష్ ఆన్‌లైన్' అంశంపై శిక్షణా కార్య క్రమ ముగింపు సమావేశంలో ఆయన పాల్గొన్నారు. ఈ సందర్భంగా ఆయన మాట్లాడుతూ, మంచి కమ్యూనికేషన్ స్కిల్స్ ఉన్న వ్యక్తికి అవసరమైన సామర్థ్యంతో పాటు విజయవంతమైన కెరీర్‌కు మంచి అవకాశాలు ఉంటాయన్నారు. ఈ సందర్భంగా జేఎన్‌యూ ప్రొఫెసర్ ధనం జయ్‌సింగ్, సీపీడీయూఎంటీ డైరెక్టర్ ప్రొఫెసర్ మహ్మద్ అబ్దుల్ సమీ సిద్ధిఖీ ఆంగ్ల భాష తరగతి గదిలో సాహిత్య ఉపయోగం, డిజిటల్ ఎడ్యుకేషన్ మోడ్ లెర్నింగ్ వంటి అంశాలపై అవగాహన కల్పించారు. కార్యక్రమంలో తెలంగాణ, తమిళనాడు, ఉత్తరప్రదేశ్, మధ్యప్రదేశ్, మహారాష్ట్ర, జమ్మూ కాశ్మీర్ తదితర రాష్ట్రాలకు చెందిన ఉపాధ్యాయులు, లెక్చరర్లు, యూనివర్సిటీ అధ్యాపకులు పాల్గొన్నారు.

Aadab Telangana 17-9-21

# انگریزی زبان سیکھنے کیلئے مناسب ماحول کی تشکیل کا مشورہ

## اردو یونیورسٹی میں آن لائن انگریزی تدریس پر سمینار کا اختتام، پروفیسر صدیقی محمد محمود کا خطاب

حیدرآباد، 16/ستمبر (پریس نوٹ) اساتذہ کو لازمی طور پر انگریزی زبان سیکھنے کے لیے مناسب ماحول تشکیل دینا چاہیے۔ اساتذہ طلبہ کو انگریزی میں بات چیت کی ہمت افزائی کریں۔ مطلوبہ قابلیت کے ساتھ اور بہتر گفتگو کی صلاحیت سے کیریئر میں کامیابی کے مواقع بڑھ جاتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کل مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعۂ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی) کے دوروزہ قومی سمینار بعنوان انگریزی کی آن لائن تدریس (Teaching English Online) کے اختتامی اجلاس میں صدارتی خطاب میں کیا۔ مہمان مقرر پروفیسر دھننجے سنگھ، جواہر لال نہرو یونیورسٹی نے کہا کہ ڈیجیٹل ذریعہ، سیکھنے کے عمل کو جمہوری، انفرادی مرکوز بناتا ہے اور آن لائن مسودہ تک رسائی کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ لسانی کلاس روم میں ادب کا استعمال زبان کے مختلف پہلوؤں پر بحث کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر، سی پی ڈی یو ایم ٹی نے بتایا کہ سمینار میں تلنگانہ، تمل ناڈو، اتر پردیش، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر اور جموں و کشمیر ریاستوں سے اسکول کے اساتذہ، کالج کے لیکچررز، ریسرچ اسکالرز اور یونیورسٹی کے اساتذہ نے شرکت کی۔ دوروزہ سمینار میں پانچ تکنیکی سیشن، ایک کلیدی خطبہ، ایک گیسٹ لیکچر، اور آن لائن ذریعہ سے انگریزی تدریس کے مختلف پہلوؤں پر ایک پینل مباحثہ منعقد کیے گئے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر کی نگرانی میں انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی ٹیم نے یوٹیوب چینل پر تمام سیشن کا راست ٹیلی کاسٹ کیا۔

1 7 SEP 2021

منصف

## اردو یونیورسٹی، ماسٹر آف سوشل ورک میں داخلے

حیدرآباد۔16 رستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، سماجی علوم میں سوشل ورک کا کورس ایک عملی مضمون کے طور پر جانا جاتا ہے۔ سوشل ورک اردو یونیورسٹی کا ایک متحرک شعبہ ہے۔ جہاں دو سالہ پیشہ ورانہ کورس ماسٹر آف سوشل ورک (ایم ایس ڈبلیو) کی تعلیم و تدریس ہوتی ہے۔ کورس کے اختتام تک طلبہ مقامی اور قومی سطح کی حکومتی و غیر حکومتی تنظیموں میں روزگار کے لیے منتخب کرلئے جاتے ہیں۔ ہندوستان میں سوشل ورکرز کے لئے کمپنیوں، حکومتی اداروں، غیر حکومتی تنظیموں، اسپتالوں، اسکولوں اور تحقیقی اداروں میں مواقع ہوتے ہیں۔ غربت، ماحولیات، تعلیم، روزگار اور مختلف میدانوں میں تحقیق اور ویلفیئر سے متعلق کام کرنے والی حکومتی اور غیر حکومتی تنظیموں میں سوشل ورکرز کو منتخب کیے جانے کے بہت امکانات ہوتے ہیں۔ گریجویشن میں 45 فیصد یا زائد نشانات سے کامیاب طلبہ جنھوں نے دسویں یا بارھویں یا گریجویشن سطح پر اردو پڑھی ہو وہ اس کورس میں داخلہ کے اہل ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے طلبہ (https://manuucoe.in/regularadmission/) پر لاگ ان کرتے ہوئے آن لائن داخلہ لے سکتے ہیں۔ آخری تاریخ 30 ستمبر ہے۔

راشٹریہ سہارا

## اردو یونیورسٹی: ماسٹر آف سوشیل ورک میں داخلے

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) سماجی علوم میں سوشل ورک کا کورس ایک عملی مضمون کے طور پر جانا جاتا ہے۔ سوشل ورک مانو کا ایک متحرک شعبہ ہے۔ جہاں دو سالہ پیشہ ورانہ کورس ماسٹر آف سوشل ورک کی تعلیم و تدریس ہوتی ہے۔ کورس کے اختتام تک طلبہ مقامی اور قومی سطح کی حکومتی و غیر حکومتی تنظیموں میں روزگار کیلئے منتخب کرلیے جاتے ہیں۔ غربت، ماحولیات، تعلیم، روزگار اور مختلف میدانوں میں تحقیق اور ویلفیئر سے متعلق کام کرنے والی حکومتی اور غیر حکومتی تنظیموں میں سوشل ورکرز کو منتخب کیے جانے کے امکانات ہوتے ہیں۔ گریجویشن میں 45% یا زائد نشانات سے کامیاب طلبہ جنھوں نے دسویں یا بارھویں یا گریجویشن سطح پر اردو پڑھی ہو داخلہ کے اہل ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے طلبہ (https://manuucoe.in/regularadmission/) پر لاگ ان کرتے ہوئے آن لائن داخلہ لے سکتے ہیں۔ آخری تاریخ 30 رستمبر ہے۔

Sakshi

## 'మనూ' ఎంఎస్‌డబ్ల్యూ కోర్సుకు చివరి తేదీ 30

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలోని సోషల్ వర్క్ విభాగం ద్వారా మాస్టర్ ఆఫ్ సోషల్ వర్క్(ఎంఎస్‌డబ్ల్యూ) కోర్సులో చేరేందుకు దరఖాస్తులు ఆహ్వానిస్తున్నారు. రెండేళ్ల కాలపరిమితితో కూడిన ఈ కోర్సులో చేరేందుకు పది లేదా 12వ తరగతి, గ్రాడ్యుయేషన్ స్థాయిలో ఉర్దూ పరిజ్ఞానంతో ఏదైనా బ్యాచిలర్ డిగ్రీలో 45 శాతం మార్కులతో ఉత్తీర్ణులైన వారు దరఖాస్తు చేసుకొనేందుకు అర్హులు. ఈనెల 30వ తేదీలోగా ఆన్‌లైన్‌లో దరఖాస్తు చేసుకోవాలి.

Aadab Telangana 17-9-21

# مانو، ماسٹر آف سوشیل ورک میں داخلے

حیدرآباد، 16 ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، سماجی علوم میں سوشل ورک کا کورس ایک عملی مضمون کے طور پر جانا جاتا ہے۔ سوشل ورک مانو کا ایک متحرک شعبہ ہے جہاں دوسالہ پیشہ ورانہ کورس ماسٹر آف سوشل ورک (ایم ایس ڈبلیو) کی تعلیم و تدریس ہوتی ہے۔ کورس کے اختتام تک طلبہ مقامی اور قومی سطح کی حکومتی و غیر حکومتی تنظیموں میں روزگار کے لیے منتخب کر لیے جاتے ہیں۔ ہندوستان میں سوشل ورکرس کے لیے کمپنیوں، حکومتی اداروں، غیر حکومتی تنظیموں، اسپتالوں، اسکولوں اور تحقیقی اداروں میں مواقع ہوتے ہیں۔ غربت، ماحولیات، تعلیم، روزگار اور مختلف میدانوں میں تحقیق اور ویلفیئر سے متعلق کام کرنے والی حکومتی اور غیر حکومتی تنظیموں میں سوشل ورکرز کو منتخب کیے جانے کے بہت امکانات ہوتے ہیں۔ تیزی سے بدلتے ہوئے ڈیولپمنٹ سیکٹر میں سوشل ورک جیسے کورس کی اہمیت اور ہنر مند سماجی پیشہ وران کی ضرورت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ واضح رہے کہ اس سال ایم ایس ڈبلیو سالِ اول و دوم کے طلبا کو انٹرنشپ کے لیے بہار، جھارکھنڈ، اتر پردیش، بنگال، جموں و کشمیر، دہلی اور تلنگانہ کی کل بیس تنظیموں میں بھیجا گیا تھا۔ ان تنظیموں میں سفا سوسائٹی (حیدرآباد)، باڈرلیس ورلڈ فاؤنڈیشن (کشمیر)، ایکشن ایڈ اسوسی ایشن (لکھنؤ)، چیتنا (لکھنؤ)، آشرے ادھیکار ابھیان (دہلی)، ایفرا (دہلی)، کے کے چیریٹیبل فاؤنڈیشن (فیض آباد)، پرتھم ایجوکیشن فاؤنڈیشن (رانچی)، متھلا گرام وکاس پریشد (دربھنگہ)، بہار گرامین جاگرُکتا ابھیان سمیتی (بیگوسرائے) ری ہیب انڈیا فاؤنڈیشن (کٹیہار)، کری ایشن ویلفیئر سوسائٹی (مظفر پور)، امانت فاؤنڈیشن (کولکاتا) اور اڑان سوسائٹی (علی گڑھ) کے نام قابل ذکر ہیں۔ گریجویشن میں 45% یا زائد نشانات سے کامیاب طلبہ جنھوں نے دسویں یا بارہویں یا گریجویشن سطح پر اردو پڑھی ہو وہ اس کورس میں داخلہ کے اہل ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے طلبہ (https://manuucoe.in/regularadmission/) پر لاگ ان کرتے ہوئے آن لائن داخلہ لے سکتے ہیں۔ آخری تاریخ 30 ستمبر ہے۔

HINDI MILAP 1 7 SEP 2021

# मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी में हिन्दी सप्ताह आरंभ

**हैदराबाद, 16 सितंबर-(मिलाप ब्यूरो)** मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी, हैदराबाद में कोविड-19 महामारी के परिप्रेक्ष्य में गृह मंत्रालय, भारत सरकार द्वारा ज़ारी दिशा-निर्देशों को ध्यान में रखते हुए हिन्दी सप्ताह आरंभ हुआ।

आज यहाँ जारी प्रेस विज्ञप्ति के अनुसार, विश्वविद्यालय की हिन्दी अधिकारी डॉ. शगुफ़्ता परवीन ने बताया कि 20 सितंबर तक चलने वाले हिन्दी दिवस के अवसर पर प्रभारी कुलसचिव प्रो. सिद्दीकी मोहम्मद महमूद ने हिन्दी प्रकोष्ठ द्वारा तैयार किए गए विशेष हिन्दी पोस्टर जारी किए। विश्वविद्यालय की राजभाषा कार्यान्वयन



*मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी, हैदराबाद में आयोजित हिन्दी सप्ताह का दृश्य।*

समिति की अध्यक्ष प्रो. सनीम फ़ातिमा ने बताया कि सप्ताह पर्यन्त चलने वाले इस समारोह के अन्तर्गत विश्वविद्यालय परिवार के शिक्षकों, अधिकारियों व कर्मचारियों हेतु ऑनलाइन राजभाषा प्रश्नोत्तरी, हिन्दी कथावाचन प्रतियोगिता एवं व्याख्यान का आयोजन किया जाएगा। हिन्दी सप्ताह के अन्तर्गत मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी परिसर में हिन्दी (राजभाषा) के प्रचार-प्रसार हेतु विशेष पोस्टर, बैनर लगाए गए। विश्वविद्यालय के सम-कुलपति प्रो. एस.एम. रहमतुल्लाह ने सभी को हिन्दी सप्ताह की शुभकामनाएँ दीं।

# مانو، ماسٹر آف سوشل ورک میں داخلے

الحیات نیوز سروس

حیدرآباد،16 ستمبر: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، سماجی علوم میں سوشل ورک کا کورس ایک عملی مضمون کے طور پر جانا جاتا ہے۔ سوشل ورک مانو کا ایک متحرک شعبہ ہے۔ جہاں دو سالہ پیشہ ورانہ کورس ماسٹر آف سوشل ورک (ایم ایس ڈبلیو) کی تعلیم وتدریس ہوتی ہے۔ کورس کے اختتام تک طلبہ مقامی اور قومی سطح کی حکومتی و غیر حکومتی تنظیموں میں روزگار کے لیے منتخب کرلیے جاتے ہیں۔ ہندوستان میں سوشل ورکرز کے لیے کمپنیوں، حکومتی اداروں، غیر حکومتی تنظیموں، اسپتالوں، اسکولوں اور تحقیقی اداروں میں مواقع ہوتے ہیں۔ غربت، ماحولیات، تعلیم، روزگار اور مختلف میدانوں میں تحقیق اور ویلفیر سے متعلق کام کرنے والی حکومتی اور غیر حکومتی تنظیموں میں سوشل ورکرز کو منتخب کیے جانے کے بہت امکانات ہوتے ہیں۔ تیزی سے بدلتے ہوئے ڈیولپمنٹ سیکٹر میں سوشل ورک جیسے کورس کی اہمیت اور ہنر مند سماجی پیشہ وران کی ضرورت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ واضح رہے کہ اس سال ایم ایس ڈبلیو سال اول و دوم کے طلبا کو انٹرنشپ کے لیے بہار، جھارکھنڈ، اترپردیش، بنگال، جموں وکشمیر، دہلی اور تلنگانہ کی کل بیس تنظیموں میں بھیجا گیا تھا۔ ان تنظیموں میں سفا سوسائٹی (حیدرآباد)، باؤنڈلیس ورلڈ فاؤنڈیشن (کشمیر)، ایکشن ایڈ اسوسی ایشن (لکھنو)، چیتنا (لکھنو)، آشرے ادھیکار ابھیان (دہلی)، ایفرا (دہلی)، کے کے چیریٹیبل فاؤنڈیشن (فیض آباد)، پرتھم ایجوکیشن فاؤنڈیشن (رانچی)، ستلا گرام وکاس پریشد (دربھنگہ)، بہار گرامین جاگرتا ابھیان سمیتی (بیگو سرائے)، ری سیب انڈیا فاؤنڈیشن (کلیہار)، کری ایشن ویلفیر سوسائٹی (مظفرپور)، امانت فاؤنڈیشن (کولکاتا)، اور ازان سوسائٹی (علی گڑھ) کے نام قابل ذکر ہیں۔ گریجویشن میں 45٪ یا زائد نشانات سے کامیاب طلبہ جنھوں نے دسویں یا بارھویں یا گریجویشن سطح پر اردو پڑھی ہو وہ اس کورس میں داخلہ کے اہل ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے طلبہ (https://manuucoe.in/regularadmission) پر لاگ ان کرتے ہوئے آن لائن داخلے لے سکتے ہیں۔ آخری تاریخ 30 ستمبر ہے۔


AL HAYAT Ranchi 17-09-2021


# انگریزی زبان سیکھنے کے لیے مناسب ماحول کی تشکیل کا مشورہ


## اردو یونیورسٹی میں آن لائن انگریزی تدریس پر سمینار کا اختتام۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود کا خطاب

الحیات نیوز سروس

حیدرآباد، 16 ستمبر: اساتذہ کو لازمی طور پر انگریزی زبان سیکھنے کے لیے مناسب ماحول تشکیل دینا چاہیے۔ اساتذہ طلبہ کو انگریزی میں بات چیت کی ہمت افزائی کریں۔ مطلوبہ قابلیت کے ساتھ اور بہتر گفتگو کی صلاحیت سے کیریئر میں کامیابی کے مواقع بڑھ جاتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کل مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی) کے دو روزہ قومی سمینار بعنوان انگریزی کی آن لائن







تدریس (Teaching English Online) کے اختتامی اجلاس میں صدارتی خطاب میں کیا۔ مہمان مقرر پروفیسر دھننجے سنگھ، جواہر لال نہرو یونیورسٹی نے کہا کہ ڈیجیٹل ذریعہ سیکھنے کے عمل کو جمہوری، انفرادی مرکوز بناتا ہے اور آن لائن مسودہ تک رسائی کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ لسانی کلاس روم میں ادب کا استعمال زبان کے مختلف پہلوؤں پر بحث کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر، سی پی ڈی یو ایم ٹی نے بتایا کہ سمینار میں تلنگانہ، ٹمل ناڈو، اترپردیش، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر اور جموں و کشمیر ریاستوں سے اسکول کے اساتذہ، کالج کے لیکچررز، ریسرچ اسکالرز اور یونیورسٹی کے اساتذہ نے شرکت کی۔ دو روزہ سمینار میں پانچ تکنیکی سیشن، ایک کلیدی خطبہ، ایک گیسٹ لیکچر، اور آن لائن ذریعہ سے انگریزی تدریس کے مختلف پہلوؤں پر ایک پینل مباحثہ منعقد کیے گئے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر کی نگرانی میں انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی ٹیم نے یوٹیوب چینل پر تمام سیشن کا راست ٹیلی کاسٹ کیا۔